# نعت

جو عشقِ محمدؐ کا طلبگار نہیں ہے
انسان سہی صاحبِ کردار نہیں ہے

ہم کو تو قیامت میں بچا لیں گے محمدؐ
وہ لوگ ڈریں جن کا مددگار نہیں ہے

ہرگز نہ سمجھ پائے گا آزادی کا مطلب
جو شخص غلامِ شہِ ابرار نہیں ہے

خوشنودیِ مولاؑ کے طلبگار ہیں ہم لوگ
جنت سے ہمیں کوئی سروکار نہیں ہے

جو آلِ محمدؐ سے محبت نہیں کرتا
وہ شخص محمدؐ کا وفادار نہیں ہے

کہتے ہیں اسے بزمِ محبانِ محمدؐ
جس باغ میں سب گل ہیں کوئی خار نہیں ہے